ساغر اقبالی — طنز و مزاح

زبان میری ہے بات انکی

- وٹو پاکپتن میں بہشتی دروازے کی قفل کشائی کریں گے۔ (ایک خبر)

جیسا بہشتی دروازہ ویسا قفل کشا! اکھوں انی تے ناں تور بھری!

- بھٹو کو پھانسی دینا ضیاء دور کا سب سے بڑا ظلم تھا۔ (اسلم بیگ)

اور ڈاکٹر نذیر، خواجہ رفیق، مولوی شمس الدین، امیر احمد کس دور کے ظلم ہیں بیگ صاحب!

- اظہر سہیل کو سرکاری ایجنسی اے پی پی کا ڈائریکٹر جنرل بنا دیا گیا۔ (ایک خبر)

کاش آج شورش کاشمیری زندہ ہوتے!

- ہم نے اقتدار غریب کی جھونپڑی تک پہنچا دیا ہے۔ (وزیر اعلیٰ وٹو)

جھوٹ، سفید جھوٹ جھوٹے پر اللہ کی لعنت۔

- عمران کو وزیر اعظم بنانے کے لئے تمام جائیداد صرف کروں گا۔ (جمیز گولڈ۔ سسر عمران)

جیمز گولڈ، جدید ایڈیشن میں عبد اللہ بن سبا۔

- آپ نے آخر زوآلوجی مضمون کیوں چنا؟ (ٹی وی پر ایک طالبہ سے سوال)

میرے والدین جانوروں کی سی زندگی بسر کرتے تھے۔ کھڑے ہو کر کھاتے۔ کھڑے ہو کر پیشاب کرتے۔

- ملی یکجہتی کونسل کے ضابطہ اخلاق کی شق نمبر ۴ کے سیکشن (ب) جس میں لکھا گیا ہے کہ خلفائے راشدین ایمان کا جزو ہیں ان کی تکفیر کرنے والا دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ ہم نہیں مانتے۔ (علامہ مرید عباس یزدانی۔ سپاہ محمد)

"ملی بھگت کونسل" کے چمپئین جواب دیں

- وزیر اعظم کراچی کے مسئلے پر جرأت مندانہ مؤقف اختیار کئے ہوئے ہیں۔ (پیپلز پارٹی)

بلاول بختاور زخمی ہوں تو جرأت کا پتہ چلے۔

- وفاقی حکومت ہماری توقع کے مطابق کام نہیں کر رہی۔ (فضل الرحمن)

کوئی امید بر نہیں آتی نیند رات بھر کیوں نہیں آتی۔

- بے نظیر نے مہاجر قوم کے بارے میں نازیبا الفاظ نہیں کہے۔ (نورانی)

رانی دا گواہ نورانی!

- لاہور میں چینی سستی ہو گئی۔ (ایک خبر)

شوگر کے مریضوں میں اضافہ ہو گیا۔

- رشدی کا گھر جل گیا۔ (ایک خبر)

انشاء اللہ قبر بھی جلتی رہے گی۔

✿ پنجاب اسمبلی کی کراچی قرارداد پر وزیراعظم کی ناراضگی! (ایک خبر)

کہ کراچی میں بے گناہ شہری مرنے پر افسوس کا اظہار کیوں کیا گیا؟

✿ ناصر کاظمی کبوتر باز تھے۔ (حسن سلطان کاظمی)

"باز" کا لاحقہ ان کی پوری زندگی پر محیط ہے۔

✿ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے لئے وی سی کی تلاش! (ایک خبر)

بولی لگ رہی ہوگی۔

✿ حکومت سے تعاون جاری رہے گا۔ (مولانا فضل الرحمن)

"حکومت" بھی آپ سے تعاون پر "تلی" ہوئی ہے۔

✿ میں بھی اقتدار پر قبضہ کر لیتا تو کوئی رکاوٹ پیش نہ آتی۔ (مرزا اسلم بیگ)

آپ کی ڈیوٹی بس "خلا" تک تھی!

✿ سجادہ نشین مزار امام بری سید صغیر حسین شاہ مریدوں سمیت پیپلز پارٹی میں شامل ہو گئے۔ (ایک خبر)

حکومت بدل گئی تو ہزاروں مریدوں سمیت علیحدگی کا اعلان کر دیں گے۔

✿ دادا نے جونا گڑھ، باپ نے مشرقی پاکستان تباہ کیا۔ بیٹی پاکستان کا نقصان کرے گی۔ (پگاڑا)

آپ بھی شامل ہیں گلشن کی تباہی میں۔

✿ اندرا جان دے کر بھارت بچا سکتی ہے تو میں کیوں نہیں؟ (بے نظیر)

مرو، جلدی مرو، پاکستان بچاؤ۔

✿ سرکاری ملازمین کا ہیلتھ الاؤنس ختم کرنے کی تجویز۔ (ایک خبر)

کہ بیمار تو صرف بڑے سوَر ہی ہوتے ہیں۔

✿ شرپسندوں کے سامنے جھکنے کی بجائے آہنی ہاتھ سے نمٹیں گے۔ (وزیراعلیٰ وٹو)

پیپلز پارٹی کے ایم پی اے حضرات کو وارننگ!

✿ کراچی کے بارے میں حکومت کی پالیسی بالکل واضح ہے۔ (خالد کھرل)

یعنی روزانہ بیس بائیس شہری مرواتے رہو!

✿ ہائی کورٹ کے بھرتی فیصلے سے ۴۰ ہزار افراد بے روزگار ہو جائیں گے۔ (ریاض فتیانہ)

آپ کا "چائے پانی" بند ہو جائے گا!

✿ صدر ووٹ لینے کے لئے مجھ سے بات کر سکتے ہیں تو ملک کے لئے بھی مذاکرات کریں۔ (الطاف حسین)

تیز عورت کے سامنے مرد کی ایک نہیں چلتی بھائی!